علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

چوری "**Plagiarism**" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: میر و غالب کا خصوصی مطالعہ I (5611) سمسٹر: بہار 2026ء

سطح: ایم اے اُردو

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1 تا 4)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1: میر تقی میر کے حالات زندگی نے ان کے فن پر جو اثرات مرتب کیے، ان کا جائزہ لیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2: کلام میر نے اپنے کلام میں صنائع بدائع کا کس قدر التزام کیا ہے؟ بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 3: دلی کی تباہی و بربادی نے میر کی غزل کو کس حد تک متاثر کیا؟ وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 4: عشق میر کا ذاتی تجربہ ہے۔ اس رائے کی روشنی میں میر کے تصور عشق پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 5: خدائے سخن میر تقی میر کا اپنا جداگانہ اسلوب ہے۔ تبصرہ کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 5 تا 9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1: میر کے مابعد الطبیعاتی موضوعات پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 2: جدید شاعروں پر میر کے اثرات کا تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر 3: مثنوی خواب و خیال کا تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر 4: میر شناسی کے اہم رجحانات کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 5: درج ذیل غزل کی اس طرح تشریح کریں کہ تمام فکری و فنی محاسن اجاگر ہوں۔ (20)

بے تاب جی کو دیکھا دل کو کباب دیکھا